57 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 57 | Monday 25th August 2025 | ۲۵ اگست ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | No. 232 • Vol: 57 • R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net




## کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے ٹیسٹ اسپیشلسٹ بلے باز چیتیشور پجارا نے اتوار کو ہندوستانی کرکٹ کے تمام فارمیٹس سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔(تفصیلات اندر)



## دنیا کے ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بنے

امریکی بزنس میگزین فوربس کے تخمینے مطابق ٹینس کے مشہور کھلاڑی راجر فیڈر تاریخ میں ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ (تفصیلات اندر)

# جموں اور وادی چناب میں سیلابی صورت حال

## پانی مکانوں میں گھس گیا، درجنوں گاڑیاں "غرق آب"

سرینگر/سی این آئی/ دراس، زنسکار اور سمتھن ٹاپ پر رواں موسم کی پہلی ہلکی برفباری کے بیچ ٹنل کے آر پار اور خطہ چناب کے علاقوں میں مسلسل دوسرے روز بھی بارشوں کا سلسلہ جاری رہا جس کے نتیجے میں معمول کی زندگی متاثر رہی ۔ مسلسل بارشوں کے نتیجے میں جموں اور خطہ چناب کے کئی علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہو چکی ہے۔ جموں کے متعدد علاقوں میں بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہونے سے رہائشی ڈھانچوں، سڑکوں اور پلوں کو کافی نقصان پہنچ گیا ہے۔ موسلا دار بارشوں کے نتیجے میں ندی نالوں میں طغیانی آئی جبکہ جہلم کے پانی میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ بارشوں کے نتیجے میں گرمی کی لہر میں کمی ریکارڈ کی گئی جس کے ساتھ ہی لوگوں نے راحت کی سانس لی۔ ادھر محکمہ موسمیات کے مطابق مزید بارشیں ہونے کے امکانات ظاہر کرتے ہوئے 27 اگست سے موسم میں بہتری آنے کی پیشگوئی کی ہے ۔ سی این آئی کے مطابق شدید ترین گرمی کے بعد سنیچروار کی شام دیر گئے موسمی صورتحال میں اچانک تبدیلی آئی اور شہر سرینگر سمیت وادی کے شمال و جنوب میں موسلا دار بارشیں ہوئی ۔ جس کا سلسلہ اتوار کو بھی دن بھر جاری رہا ۔ شہر سرینگر سمیت وادی کے دوسرے اضلاع میں اتوار کو مسلسل دوسرے روز بھی بارش ہوئی جس کے نتیجے میں گرمی کا زور ٹوٹ گیا اور لوگوں نے راحت کی سانس لی۔ اس دوران ندی نالوں اور دریاؤں میں پانی کی مقدار کافی کم ہونے کے نتیجے میں کسان اور/1



## شدید بارشوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ کی ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

### نکاسی آب کی صفائی، بجلی کی بحالی اور پانی کی فراہمی کو ترجیح دینے کا حکم




سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر میں جاری شدید بارشوں کے پیش نظر تمام متعلقہ محکموں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت دی ہے۔ ان بارشوں کی وجہ سے کئی رہائشی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا ہے اور ندی اور نالے خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ اُنہوں نے محکموں کے درمیان قریبی ہم آہنگی برقرار رکھنے اور اِس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے کہ کنٹرول روم مکمل طور پر فعال اور اور ذمہ دار رہیں۔ وزیر اعلیٰ کا دفتر بدلتی ہوئی صورتحال پر نظر رکھنے کے لئے لائن ڈیپارٹمنٹوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے ۔ اُنہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں پانی جمع ہے وہاں سے پانی کی نکاسی، نکاسی آب نظام کی بحالی اور متاثرہ علاقوں میں بنیادی سہولیات جیسے پینے کے پانی اور بجلی کی فوری فراہمی و بحالی کو اوّلین ترجیح دی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور انتظامیہ سے تعاون کریں کیوں کہ حفاظتی اور امدادی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

## لنگیٹ میں دینی اجتماع کے دوران

### مکان کی ایک منزل گر جانے سے

### 25 خواتین زخمی، کئی نازک حالت میں

سرینگر/ اے پی آئی/ شمالی کشمیر لنگیٹ کے پہل پیٹھ علاقے میں اس وقت سنسنی کا ماحول پھیل گیا جب دینی اجتماع کے دوران عمارت کا ایک کمرہ زمین بوس ہوا جس کے نتیجے میں 25 کے قریب خواتین زخمی ہوئیں جنہیں علاج کے لئے جی ایم سی اننت ناگ منتقل کیا گیا جہاں کئی خواتین کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ میڈیکل سپرانٹنڈنٹ جی ایم سی ہندوارہ نے اس کا بات کی تصدیق/2




## سی آر پی ایف کے سابق ڈائریکٹر جنرل

### انیش دیال سنگھ نائب قومی سلامتی مشیر مقرر

سرینگر/سی این آئی کے مطابق سی آر پی ایف کے سابق ڈائریکٹر جنرل انیش دیال سنگھ کو نیا نائب قومی سلامتی مشیر مقرر کیا گیا ہے۔ سنگھ جو 1988 بیچ کے افسر ہیں سابق سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے ڈائریکٹر جنرل کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ سنگھ اپنے کیریئر کے دوران کئی اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں، جن میں انڈو تبت بارڈر پولیس (آئی ٹی بی پی) کے ڈائریکٹر جنرل، نیشنل سیکورٹی گارڈ (این ایس جی) کا اضافی چارج، اور انٹیلی جنس بیورو میں اسپیشل ڈائریکٹر شامل ہیں۔

# خراب موسم کے ہوتے ہوئے راج ناتھ سنگھ کشتواڑ نہ جا سکے

## البتہ جموں پہنچ کر میڈیکل کالج میں زخمیوں کی عیادت کی





سرینگر/سخت ترین حفاظتی انتظامات اور خراب موسمی صورتحال کے بیچ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ جموں پہنچ گئے جس دوران انہوں نے وہاں میڈیکل کالج میں زیر علاج کشتواڑ سانحہ میں زخمی افراد کی عیادت کی اور ان سے بات چیت کی۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم بہت فکر مند ہیں اور صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ سی این آئی کے مطابق وزیر دفاع راجناتھ سنگھ خراب موسمی صورتحال کے بیچ جموں پہنچ گئے ۔ جموں ہوائی اڈے پر ان کا مرکزی وزیر اور ادھم پور کے ممبر پارلیمنٹ جتیندر سنگھ اور جموں و کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے استقبال کیا جس کے بعد وزیر دفاع راجناتھ سنگھ جموں کے میڈیکل کالج گئے جہاں وہ وہاں زیر علاج زخمیوں سے ملیں ۔ انہیں ڈاکٹروں کی ٹیم نے مریضوں کی حالت کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے سرکاری میڈیکل کالج اسپتال میں زیر علاج کچھ متاثرین سے ملاقات کے بعد کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی جموں و کشمیر کے ضلع کشتواڑ کے ایک دور افتادہ گاؤں میں حالیہ بادل پھٹنے سے بہت فکر مند ہیں۔ زخمیوں کے علاج پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ بادل پھٹنے سے متاثرہ علاقے کا دورہ کرنے کا ان کا منصوبہ خراب موسم اور راستے میں سڑک پر تازہ مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے پورا نہیں ہو سکا۔

## ایک امتحانی مرکز میں پیپر لیک ہونے کا معاملہ سامنے آنے کے بعد

### جونیئر انجینئر (الیکٹریکل) امتحان کو منسوخ کرنے کا سلیکشن بورڈ کا اعلان

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر سروسز سلیکشن بورڈ (جے کے ایس ایس بی) نے اتوار کو محکمہ پاور ڈویلپمنٹ کے جونیئر انجینئر (الیکٹریکل) کے عہدے کے لئے منعقدہ تحریری امتحان منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ امتحان 24 اگست کو جموں اور سرینگر میں 35 مراکز پر منعقد ہوئے تاہم سری نگر کے ایک مرکز پر مبینہ طور پر پیپر لیک کا معاملہ سامنے آنے کے بعد امتحان کی منسوخی کا فیصلہ کیا گیا۔ کنٹرولر امتحانات کی جانب سے جاری نوٹس میں کہا گیا ہے کہ یہ امتحان 34 مراکز پر کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا، تاہم ایک مرکز پر خراب موسمی حالات کے باعث امتحان منعقد نہ ہو سکا۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ 'بورڈ نے 24 اگست کو لئے گئے امتحان کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اسے دوبارہ منعقد کیا جائے گا۔ نئی تاریخ علیحدہ طور پر جلد ہی جاری کی جائے گی۔' واضح رہے کہ اتوار کے روز سری نگر کے ایک امتحانی مرکز میں پیپر لیک ہونے کے/3

## ضلع کپوارہ کے جنگل سے گولہ بارود اور اسلحہ کا ذخیرہ برآمد

### برآمد شدہ سامان میں جدید ہتھیار اور بڑی مقدار میں کارتوس شامل ہیں

سرینگر/ یو این آئی/ سرحدی ضلع کپوارہ کے جنگلی علاقے میں سکیورٹی فورسز نے ایک بڑی کارروائی انجام دیتے ہوئے اسلحہ اور گولہ بارود کا ذخیرہ برآمد کیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر انجام دی گئی جس کے بعد علاقے میں مشترکہ تلاشی آپریشن شروع کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ اتوار کو فوج اور پولیس کی مشترکہ ٹیم نے مدھما جنگلات میں مشتبہ نقل و حرکت کی اطلاع ملنے پر بڑے پیمانے پر تلاشی کارروائی شروع کی۔ اس دوران چھپایا گیا اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا۔ اگرچہ فوراً یہ واضح نہیں ہو سکا کہ یہ اسلحہ کس گروپ کا ہے تاہم حکام کا ماننا ہے کہ اسے دہشت گرد سرگرمیوں کے لئے ذخیرہ کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ سامان میں جدید ہتھیار اور بڑی مقدار میں کارتوس شامل ہیں۔ پولیس نے اس سلسلے میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں تا کہ یہ پتہ لگایا جا سکے کہ اسلحہ یہاں کس نے اور کس مقصد کے تحت چھپایا تھا۔

## جہلم میں پانی چڑھے نہ چڑھے سرینگر میں پانی چڑھ ہی گیا

### نکاس کے ناقص انتظام، گندہ پانی کے ساتھ بدبو بھی پھیل رہی ہے

سرینگر/سی این آئی/ موسلا دار بارشوں نے شہر سرینگر میں ایک بار پھر انتظامیہ کے تمام دعوؤں کی پول کھول دی ہے۔ بارشوں کی وجہ سے شہر سرینگر کی سڑکیں جھیلوں میں تبدیل ہو گئیں جس کے نتیجے میں لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ جبکہ کئی علاقوں میں پانی مکانوں میں گھس گیا ہے۔ شہری آبادی پریشانیوں میں مبتلا ہو چکی ہے۔ سی این آئی کے مطابق وادی کشمیر میں سرینگر میں بارشوں نے ایک بار انتظامیہ کے تمام دعوؤں کی پول کھول دی ہے۔ اگرچہ شہر سرینگر کے اکثر ان علاقوں میں تعمیر کئے گئے ڈرینیں جام ہو جاتی ہیں جس کی بدولت ان علاقوں میں بارش کا پانی یا گھروں سے نکلنے والا گندہ پانی سڑکوں کے اوپر چڑھ جاتا ہے اور چاروں طرف گندگی اور بدبو پھیل جاتی ہے۔

## لیفٹیننٹ گورنر کی چسوتی سیلاب میں زخمی ہوئے شہریوں کی مزاج پُرسی

### کہا، حکومت ان کنبوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے جنہوں نے اَپنے پیاروں کو کھو دیا

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں کا دورہ کیا اور اُنہوں نے چسوتی سیلاب میں زخمی ہوئے شہریوں کی خیریت و عافیت دریافت کی۔ ڈاکٹروں کی ٹیم نے لیفٹیننٹ گورنر کو زخمیوں کے جلد صحتیاب ہونے کے لئے علاج معالجے اور مربوط نگہداشت کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ بتایا گیا کہ اِس وقت 16 اَفراد گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں زیر علاج ہیں اور سینئر طبی عملہ ان کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے میڈیا اَفراد سے بات چیت کرتے ہوئے اِنتظامیہ کے اُن 32 اَفراد کو تلاش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا جو ابھی تک لاپتہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا، ''حکومت ان سوگوار کنبوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے جنہوں نے اَپنے عزیزوں کو کھو دیا ہے۔ مرکزی حکومت اور جموں و کشمیر اِنتظامیہ راحت اور بچاؤ کے ساتھ ساتھ آفاتِ سماوی سے متاثرہ کنبوں کی فوری بحالی کے لئے مسلسل کام کر رہی ہے۔ اس سانحہ میں لاپتہ اَفراد کی تلاش اور بچاؤ کی کارروائیاں جنگی بنیادوں پر جاری ہیں۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ تمام ضروری/5



## صوبہ جموں میں تمام سکول بند

### امتحانات ملتوی ایڈوائزری جاری

سرینگر/ خراب موسمی حالات کے بیچ ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن جموں نے اتوار کو کہا کہ صوبے بھر کے تمام سرکاری اور نجی اسکول سوموار کو بند رہیں گے۔ اس ضمن میں جاری ایک حکمنامہ میں کہا گیا ہے کہ خراب موسمی حالات کے پیش نظر جموں صوبے کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں کو سوموار کو بند رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ محکمہ موسمیات نے ایک موسمی ایڈوائزری جاری کی ہے جس میں شدید بارشوں اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، بادل پھٹنے، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات ہیں۔ ادھر جموں و کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے اتوار کو سخت موسمی حالات کے پیش نظر جموں و کشمیر اور لداخ میں 25 اگست کو ہونے والے 10 ویں اور 11 ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کرنے کا اعلان کیا ہے۔

## زبردست بہاو کو برداشت نہ کرتے ہوئے پُل ناقابل استعمال

### انتظامیہ نے ہائی وے کی بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کارروائیاں شروع کر دی



جموں/ یو این آئی/ جموں پٹھانکوٹ قومی شاہراہ پر سہر کھڈ کے مقام پر پل کو اتوار کی صبح اچانک آنے والے سیلابی ریلے سے شدید نقصان پہنچا۔ حکام کے مطابق شدید بارشوں کے نتیجے میں ندی نالوں میں آئی طغیانی نے پل کی ساخت کو کمزور کر دیا، جس کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ سہر کھڈ کے قریب واقع یہ پل پانی کا دباو برداشت نہ کر سکا اور اس کے کچھ حصے کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں بارشوں کا سلسلہ ہنوز جاری ہے جس سے مزید نقصان کا اندیشہ ہے۔ محکمہ ٹریفک نے کہا ہے کہ شاہراہ پر بھاری گاڑیوں کو روک دیا گیا ہے جبکہ ہلکی گاڑیوں کے لیے متبادل راستوں کی تلاش جاری ہے۔ مقامی انتظامیہ نے ہائی وے کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر/4

## "PIA" الفاظ کے ساتھ جموں کی نئی بستی میں پاکستانی غبارہ

### حکام کا کہنا ہے کہ ایسے غبارے اکثر سرحد پار سے چھوڑے جاتے ہیں

جموں/ یو این آئی/ جموں کے نئی بستی علاقے میں اتوار کے روز سیکورٹی فورسز نے ایک جہاز نما غبارے کو برآمد کیا جس پر 'پی آئی اے' لکھا ہوا تھا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ایسے غبارے اکثر سرحد پار سے چھوڑے جاتے ہیں اور یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ جموں و کشمیر میں پاکستانی نشانات والے غبارے ملے ہوں۔ اس سے قبل سانبہ کے رام گڑھ سیکٹر سمیت کٹھوعہ اور راجوری اضلاع میں بھی اسی نوعیت کے غبارے برآمد ہو چکے ہیں۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ جہاں پاکستانی ڈرونز دہشت گرد تنظیموں کو ہتھیار، منشیات اور رقم فراہم کرنے کے لئے استعمال کیے جاتے ہیں، وہیں ایسے غبارے ایک نفسیاتی ہتھیار کے طور پر بھیجے جاتے ہیں تا کہ عوام میں خوف و ہراس پیدا ہو اور سیکیورٹی فورسز کی توجہ منتشر ہو۔ سیکیورٹی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستانی نشانات والے/6

## جموں میں فوڈ ڈرگ سیفٹی محکمہ اور پولیس نے مشترکہ کارروائی کے دوران

### 21 کوئنٹل پنیر اور زائد المیعاد سرسوں کے چالیس کے قریب ڈبے برآمد

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق اگست کے وسط میں جموں و کشمیر میں فوڈ ڈرگ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بارہ ہزار کلو گوشت اور سڑی ہوئی مچھلیاں ضبط ہونے کے بعد جموں میں فوڈ ڈرگ سیفٹی محکمہ اور پولیس نے مشترکہ کارروائی کے دوران 21 کوئنٹل پنیر اور زائد المیعاد سرسوں کے چالیس کے قریب ڈبے برآمد کئے گئے۔ فوڈ سیفٹی محکمہ کے سینئر افسر پرن گپتا نے اس بات کی تصدیق کی کہ جموں کے گنگیال علاقے میں چھاپے کے دوران 21 کوئنٹل پنیر جس سے بدبو آ رہی تھی ضبط کی گئی اسی علاقے میں دو کوئنٹل سے زیادہ سرسوں کا غیر معیاری کھانے کا تیل برآمد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دہلی سے پنیر مسافر بردار گاڑیوں کے ذریعے آیا کرتی تھی تاہم اب ریل کے ذریعے کوئنٹلوں کے حساب سے/7

## پیچھا کرتے ہوئے کتوں سے بچاو کے دوران موٹر سائیکل سوار کو حادثہ

### زمین پر گر کر زخمی ہو گیا، فوری طور ہسپتال میں بھرتی کیا گیا

سرینگر/ سی این آئی/ شہر سرینگر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی آبادی کے باعث لوگوں میں خوف و ہراس کی لہر دوڑ رہی ہے۔ اسی دوران ایک اور تازہ واقعہ میں کتوں نے ایک موٹر سائیکل سوار کا پیچھا گیا جس کے بعد وہ حادثے کا شکار ہو کر زخمی ہو گیا۔ سی این آئی کے مطابق شہر سرینگر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی آبادی باعث تشویش بن چکی ہے ۔ آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث لوگوں کو گھروں سے باہر نکلنا محال ہو چکا ہے۔ شہر میں آوارہ کتوں کے بڑھتے حملے بچوں اور بزرگوں کے علاوہ نوجوانوں کیلئے باعث خطرہ بن چکی ہے ۔ ایک تازہ واقعہ میں آوارہ کتوں نے 21 سالہ موٹر سائیکل سوار کا پیچھا گیا جس کے نتیجے میں وہ حادثے کا شکار ہو کر شدید طور پر زخمی ہو گیا۔ نمائندے کے مطابق محمد حنان ولد محمد یونس ساکنہ شالیمار سرینگر موٹر سائیکل/8

# سپورٹس ٹائمز



## چیتیشور پجارا نے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا

نئی دہلی، 24 اگست (ہندوستان سماچار)۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے ٹیسٹ اسپیشلسٹ ’بلے باز چیتیشور پجارا نے اتوار کو ہندوستانی کرکٹ کے تمام فارمیٹس سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ پجارا نے سوشل میڈیا پر ایک جذباتی پوسٹ میں اس اہم فیصلے کی جانکاری دی۔ 37 سالہ پجارا نے اپنے شاندار کرکٹ کیریئر کو الوداع کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی جرسی پہننے، قومی ترانہ گانے اور جب بھی آپ میدان میں قدم رکھتے ہیں اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی کوشش کرنے کے حقیقی معنی کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن ہے۔ بہت شکریہ کے ساتھ، میں نے ہندوستانی کرکٹ کی تمام شکلوں سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ آپ سب کی محبت اور تعاون کا شکریہ۔ چیتیشور پجارا کا ٹیسٹ کیریئر بہت اچھا رہا۔ انہوں نے ہندوستانی ٹیم کے لیے 103 ٹیسٹ میں 43.60 کی اوسط سے 7195 رن بنائے۔ اس دوران انہوں نے 19 سنچریاں اور 35 نصف سنچریاں اسکور کیں۔ ٹیسٹ میں ان کا سب سے زیادہ سکور 206 ناٹ آؤٹ رہا۔ پجارا نے ہندوستان کے لیے پانچ ون ڈے بھی کھیلے، جس میں انھوں نے 51 رن بنائے۔

> اپنے انسٹاگرام پوسٹ میں پجارا نے کہا: «بھارتی جرسی پہننا، قومی ترانہ گانا اور ہر بار میدان میں اپنی بہترین کارکردگی دکھانا — الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے کہ اس کا کیا مطلب تھا۔ لیکن جیسا کہ کہا جاتا ہے، ہر اچھی چیز کا اختتام ہوتا ہے، میں بڑے شکر گزار دل کے ساتھ تمام فارمز کی بھارتی کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کرتا ہوں۔ آپ سب کے محبت اور حمایت کے لیے شکریہ!»
> اپنے جذباتی بیان میں پجارا نے اپنے ساتھی کھلاڑیوں، کوچز اور دیگر مددگاروں کا شکر ادا کیا جنھوں نے ان کے کرکٹ کیریئر میں ہر قدم پر تعاون کیا۔ انہوں نے BCCI، سوراشٹرا کرکٹ ایسوسی ایشن اور تمام ٹیموں، فرنچائزز اور کاؤنٹیز کا بھی شکریہ ادا کیا جن کی نمائندگی انہوں نے سالوں میں کی۔
> پجارا نے مزید کہا: «یہ کھیل مجھے دنیا کے مختلف ممالک میں لے گیا، اور شائقین کی محبت اور حوصلہ افزائی ہمیشہ میرے ساتھ رہی۔ اس سفر میں میری فیملی — والدین، اہلیہ پوجا، بیٹی ادتی، سسرال اور دیگر رشتہ داروں — کی قربانیاں اور مستقل حمایت کے بغیر یہ ممکن نہ ہوتا۔

### ٹیسٹ کرکٹ
103 میچز 7,195 رنز
اوسط 43.60
19 سنچریاں
35 نصف سنچریاں

### ون ڈے انٹرنیشنل
5 میچز 51 رنز
اوسط 10.20

### فرسٹ کلاس
271 میچز 20,899 رنز
اوسط 52
65 سنچریاں
80 نصف سنچریاں

### ٹی20 / IPL
30 میچز 390 رنز
اوسط 52
01 نصف سنچری

## کرکٹ لیجنڈز اور کھلاڑیوں کے تاثرات



**سچن تندولکر** نے پجارا کو "جدید دور کا ٹیسٹ کرکٹ کا سپاہی" قرار دیا اور آسٹریلیا کے خلاف تاریخی فتوحات میں ان کے کردار کو یاد کیا۔



**انیل کمبلے** نے کہا کہ پجارا "کرکٹ کے عظیم سفیر" ہیں جنھوں نے ہمیشہ خود کو ٹیم کے لیے وقف رکھا۔



**سنیل گواسکر** نے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا: "سلام پیش ہے چیتیشور، آپ نے بھارت کو فخر دلایا۔"



**گوتم گمبھیر** (موجودہ کوچ) نے کہا: "وہ طوفان میں بھی ڈٹے رہے اور امید ٹوٹنے کے وقت بھی لڑتے رہے۔"



**رشبھ پنت** نے کہا کہ "میری بہترین یادوں میں سے کچھ آپ کے ساتھ بیٹنگ کرنے کی ہیں" خصوصاً 21-2020 بارڈر گاوسکر ٹرافی کے دوران۔



**یوراج سنگھ** نے کہا: "وہ کھلاڑی جس نے ہمیشہ دل و جان بھارت کے لیے وقف کیا۔"



**وی وی ایس لکشمن** نے گبا ٹیسٹ کو یاد کرتے ہوئے کہا: "ان کے جسم پر پڑنے والے زخم پجارا کی اصل پہچان ہیں۔"

## ہریانہ نے خواتین کی قومی ریسلنگ چیمپئن شپ جیت لی

رانچی (یواین آئی) ہریانہ نے یہاں منعقدہ انڈر 23- قومی ریسلنگ چیمپئن شپ (فری اسٹائل، گریکو-رومن اسٹائل اور خواتین کی ریسلنگ) میں 220 پوائنٹس کے ساتھ خواتین کے زمرے کا خطاب جیت لیا ہے۔ مقابلے کے دوسرے دن، خواتین کی ریسلنگ کے مقابلے تمام 10 ویٹ کیٹیگریز میں منعقد ہوئے اور نتائج اس طرح رہے۔ مہاراشٹر نے 164 پوائنٹس کے ساتھ دوسرا اور اتر پردیش نے 118 پوائنٹس کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔ ہریانہ کی ہنی کماری نے 50 کلوگرام، ہنسیکا نے 53 کلوگرام، سویتا نے 62 کلوگرام، پلکت نے 65 کلوگرام، منجو نے 72 کلوگرام اور سمرن نے 76 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغے جیتے۔ گریکو-رومن مقابلے اتوار کو تمام ویٹ کیٹیگریز میں شروع ہوں گے۔



## انشکا کمار کی ہیٹ ٹرک سے بھارت نے بھوٹان کو 8–0 سے شکست دے دی



تھیمفو، 24 اگست (یواین آئی)— انشکا کمار کی ہیٹ ٹرک کی بدولت بھارت نے میزبان بھوٹان کو ساف انڈر 17 خواتین چیمپئن شپ میں 8–0 سے شکست دے کر تیسری مسلسل فتح حاصل کی۔ انشکا کمار نے 53 ویں، 61 ویں اور 73 ویں منٹ میں گول کر کے ٹیم کی شاندار کارکردگی کو ممکن بنایا۔ اس کے علاوہ ابھیستا باسنیٹ نے 23 ویں اور 89 ویں منٹ میں دو گول کیے جبکہ پرل فرنانڈیز (71 ویں)، دیویانی لنڈا (77 ویں) اور ویلینا جادا فرنانڈیز (2+90 ویں) بھی گول کرنے میں کامیاب رہیں۔
بھارت ہاف ٹائم تک 1–0 کی برتری حاصل کر چکا تھا۔ اس فتح کے بعد بھارت نے تین میچز میں بغیر کسی گول کے 17 گول کر کے پوائنٹس ٹیبل پر اپنی پوزیشن مضبوط کر لی ہے اور ٹرافی کے قریب پہنچ گیا ہے۔

## خواتین ورلڈ کپ سے پہلے ہندوستانی ٹیم کا وشاکھاپٹنم میں تربیتی کیمپ





نئی دہلی (یواین آئی) — ہندوستانی خواتین کرکٹ ٹیم کا کیمپ 25 اگست سے وشاکھاپٹنم میں شروع ہوگا جو ایک ہفتے تک جاری رہے گا۔ اس کے بعد ٹیم آسٹریلیا کے خلاف تین میچوں کی ون ڈے سیریز کھیلے گی۔ کیمپ میں 15 رکنی ورلڈ کپ اسکواڈ کے ساتھ چھ ریزرو کھلاڑی بھی شامل ہوں گے۔ ان میں سَیالی سَتگھرے بھی ہیں، جو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے منتخب ٹیم میں شامل ہیں اور ورلڈ کپ میں آل راؤنڈر امن جوت کور کی جگہ لیں گی۔ اس وقت برسبین میں ہندوستان اے ٹیم کی کپتان رادھا یادو 24 اگست کو میچ ختم ہونے کے بعد براہ راست کیمپ میں شامل ہوں گی۔ کیمپ وشاکھاپٹنم میں رکھنے کا فیصلہ اس لیے کیا گیا ہے کہ ورلڈ کپ کے راؤنڈ رابن مرحلے میں ہندوستان اسی اسٹیڈیم میں دو اہم میچ کھیلے گا— 9 اکتوبر کو جنوبی افریقہ کے خلاف اور 12 اکتوبر کو آسٹریلیا کے خلاف۔ وشاکھاپٹنم میں ہندوستانی خواتین ٹیم نے آخری بار 2014 میں ون ڈے میچ کھیلا تھا۔ اس ٹیم میں موجودہ کھلاڑی ہرمن پریت کور، سمرتی مندھانا اور اسنیہ رانا بھی شامل تھیں۔



## ٹینس اسٹار راجر فیڈرر دنیا کے ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بنے

نیویارک، 24 اگست (یواین آئی) امریکی بزنس میگزین ’فوربس‘ کے تخمینے مطابق ٹینس کے مشہور کھلاڑی راجر فیڈرر تاریخ میں ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ سی این این کی رپورٹ کے مطابق راجر فیڈرر نے سال 2022 میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ اُن کی مجموعی دولت کا تخمینہ ایک اعشاریہ ایک ارب ڈالر لگایا گیا ہے، جس میں ان کے جوتوں اور کپڑوں کے برینڈ ’آن‘ میں اُن کے حصہ کی وجہ سے ہونے والا اضافہ بھی شامل ہے۔ راجر فیڈرر ٹینس کے دوسرے ارب پتی کھلاڑی ہیں۔ ان سے پہلے رومانیہ کے کھلاڑی ایون سیریاک نے سال 1970 کے ’فرنچ اوپن‘ کے مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد سرمایہ کاری کرنا شروع کردی تھی۔ ان کے علاوہ باسکٹ بال کھلاڑی مائیکل جارڈن، میجک جانسن اور لیبرون جیمز، باسکٹ بال ٹیم ’ملواکی بکس‘ کے کھلاڑی جونیئر برج اور گولف اسٹار ٹائیگر ووڈز بھی ارب پتیوں میں شامل ہیں۔

**کل دولت کا اندازہ**
**1.1 ارب ڈالر**
جس میں جوتوں اور کپڑوں کے برانڈ ’آن‘ میں حصے کی آمدنی شامل ہے۔





## پیوش چاؤلا، سدھارتھ کول سمیت 13 ہندوستانی کھلاڑیوں نے جنوبی افریقہ 20 نیلامی کیلئے رجسٹریشن کرایا

نئی دہلی (یو این آئی) پیوش چاؤلا، سدھارتھ کول اور انکیت راجپوت سمیت 13 ہندوستانی کھلاڑیوں نے چوتھے سیزن سے قبل ساؤتھ افریقہ 20 نیلامی کے لیے رجسٹریشن کرایا ہے۔ وہ ان 784 کھلاڑیوں میں شامل ہیں جنھوں نے 9 ستمبر کو ہونے والے اس ایونٹ کے لیے رجسٹریشن کرایا ہے۔ ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) کے احکامات کے مطابق تمام ہندوستانی کھلاڑی یا تو ریٹائر ہو چکے ہیں یا انہوں نے ہندستان یا آئی پی ایل میں کھیلنے کا دعویٰ چھوڑ دیا ہے۔ مہیش





اہیر (گجرات)، سرول کنور (پنجاب)، انوریت سنگھ کتھوریا (دہلی)، نکھل جگا (راجستھان)، محمد فیض (ریاست کا ذکر نہیں)، کے ایس نوین (تمل ناڈو)، انصاری معروف (ریاست کا ذکر نہیں)، عمران خان (یو پی سی اے)، وینکٹیش گلی پلی (ریاست کا ذکر نہیں) اور اتل یادو (یو پی سی اے) کے علاوہ چاؤلا (یو پی سی اے)، کول (پنجاب) اور راجپوت ان ہندوستانی کھلاڑیوں میں شامل ہیں جو اس طویل فہرست کا حصہ ہیں، جس میں سے نیلامی سے قبل کھلاڑیوں کی چھٹنی یقینی ہے۔

